© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com

## تبلیغ دین کے لیے مجلس التحقیق الاسلامی کی ایک اور منفرد کاوش

**www.mohaddis.com**

ویب سائٹ کی شاندار کامیابی کے بعد
ایک قدم اور آگے

**www.kitabosunnat.com**

**کتاب وسنت ڈاٹ کام**

- اردو زبان میں آن لائن اسلامی لٹریچر پر مبنی سب سے بڑی ویب سائٹ
- موضوعاتی انڈیکس کے ساتھ ہر موضوع پر جید علماء کی تصانیف ومضامین
- کتب اور مضامین کی فری ڈاؤن لوڈنگ کی سہولت
- شرعی راہنمائی کے لیے آن لائن فتویٰ کی سہولت
- تلاوت قرآن، نظمیں اور تقاریر و دروس پر مبنی آڈیو، ویڈیو سیکشن
- مختلف آن لائن اِسلامک سافٹ ویئرز اور آن لائن لائبریری
- آن لائن ماہنامہ محدث اور ماہنامہ رشد (مکمل شمارے)

**زیر سرپرستی:** حافظ عبدالرحمٰن مدنی (رئیس مجلس التحقیق الاسلامی)

**زیرنگرانی:** حافظ حسن مدنی (مدیر ماہنامہ محدث، لاہور)

حافظ حمزہ مدنی (مدیر مجلس التحقیق الاسلامی)

**ویب ماسٹرز:** حافظ اختر علی (انچارج آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ ادارہ ہذا)

hafi_alipk@hotmail.com,hfizakhtar2000@yahoo.co.uk

محمد شاکر (ویب سائٹ ڈیزائنر اینڈ کنٹرولر)

kitabosunnat@gmail.com,truemaslak@gmail.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com



محمد عمران اسلم ☆

# اَخبار الجامعہ

## اسلامک یونیورسٹی، مدینہ منورہ میں طلباء کا داخلہ

جامعہ لاہور الاسلامیہ میں گذشتہ سال جہاں تعمیراتی اعتبار سے انقلابی تبدیلیاں آئیں وہیں تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے بھرپور کوششیں بھی کی گئیں۔ اس سلسلے کی ایک کڑی گذشتہ سال ادارہ ہذا کی جانب سے یہ مژدہ جان فزا تھا کہ ہر سال جامعہ کے مختلف شعبوں میں سے بہترین پوزیشن حاصل کرنے والے چار طلباء کو عمرہ کا انعام دیا جائے گا جبکہ جامعہ بھر میں امتیازی حیثیت کے حامل طالب علم کو حج کا انعام دیا جائے گا۔

گذشتہ سال جامعہ نے نامزد طلباء کے لیے نہ صرف حج وعمرہ کے تمام انتظامات کیے بلکہ ان سعادت مندوں کو مثالی طلباء کی سند دینے کے ساتھ ساتھ مدینہ یونیورسٹی میں انٹرویوز دلوائے اور ان کے مدینہ یونیورسٹی میں داخلے کے لیے بھرپور کوششیں کیں۔ اللہ تعالیٰ کی توفیق کے ساتھ انتظامیہ جامعہ کی اس حوالہ سے کی گئی مساعی جمیلہ بار آور ثابت ہوئیں ہیں اور اسلامک یونیورسٹی مدینہ منورہ نے ان طلباء کو داخلہ دے کر جامعہ کے فیصلے کی توثیق کی ہے۔

مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کرنے والے خوش نصیب طالب علموں کے نام یہ ہیں:

۱ حافظ عبدالمنان
۲ احسان الٰہی ظہیر
۳ حافظ عبدالباسط
۴ حافظ محمد زبیر

اس کے علاوہ جامعہ ہذا کے استاد اور ملک کے مشہور ومعروف قاری، قاری سلمان محمود بڈھیمالوی بھی مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔

## اَمسال حج وعمرہ کے انعامات پانے والے خوش نصیب طلباء

گذشتہ سال کی طرح اس سال بھی ادارہ کی جانب سے پانچ طلباء کو حج وعمرہ کا انعام دیا گیا۔ اس سلسلے میں مورخہ ۱۱ راگست ۲۰۰۹ کو جامعہ کے ۱۲ درج ذیل اساتذہ کی آٹھ گھنٹے طویل نشست ہوئی:

- مولانا محمد رمضان سلفی
- مولانا عبدالسلام ملتانی
- مولانا محمد شفیق مدنی
- ڈاکٹر حافظ حسن مدنی
- مولانا محمد اقبال نوید
- قاری محمد فیاض
- حافظ انس مدنی
- ڈاکٹر حافظ حمزہ مدنی
- قاری خالد فاروق
- مولانا شاکر محمود
- قاری شفیق الرحمٰن
- قاری محمد بابر بھٹی

اِجلاس میں ہر پہلو سے تمام طلباء کا جائزہ لیا گیا اور تعلیم، اخلاق، دین داری، وضع قطع، حاضری اور ہم نصابی سرگرمیوں میں ممتاز ترین طلباء کو نامزد کیا گیا۔ رئیس الجامعہ کی طرف سے جب مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے طلباء

☆ فاضل کلیۃ الشریعۃ، جامعہ لاہور الاسلامیہ ورکن مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور



محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com



کا اعلان کیا گیا تو حج وعمرہ کا انعام پانے والے طلباء کے چہروں سے جھلکتی خوشی دیدنی تھی، اور کیوں نہ ہو انہیں ایسی سعادت حاصل ہو رہی تھی جس کی خواہش ہر مسلمان کے دل میں ہر وقت جاگزیں رہتی ہے۔

حج وعمرہ کا انعام انعام حاصل کرنے والے طلباء کے نام یہ ہیں:

- حافظ خضر حیات
- حافظ حبیب الرحمٰن
- فؤاد بادشاہ
- حافظ عبد الرحمٰن
- اور عبد الماجد

- حافظ خضر حیات ۹۷.۰۳ فیصد نمبر لے کر پورے جامعہ میں مثالی طالب علم رہے اور حج کا انعام حاصل کیا۔
- حافظ حبیب الرحمٰن جن کا تعلق كلية القرآن الكريم والعلوم الاسلامية سے ہے، نے ۹۵.۲۳ فیصد نمبر حاصل کر کے عمرہ کا انعام حاصل کیا۔
- حافظ فواد بادشاہ ۸۷.۲۰ فیصد نمبر حاصل کر کے عمرہ کا انعام پانے میں کامیاب رہے۔ موصوف کا تعلق كلية الشريعة سے ہے۔
- حافظ عبد الرحمٰن ثانویہ خاصہ کے طالبعلم ہیں، جنہوں نے ۹۳.۷۳ نمبر لے کر اپنے آپ کو عمرہ کا اہل ثابت کیا۔
- حافظ عبد الماجد کا تعلق بھی ثانویہ خاصہ سے ہے۔ انہوں نے ۹۶.۲۵ نمبر حاصل کر کے عمرہ کا انعام حاصل کیا۔

## ڈاکٹریٹ کی تکمیل پر ہدیۂ تبریک

جامعہ لاہور الاسلامیہ، كلية القرآن الكريم کے مدیر اور مجلس تحقیق الاسلامی میں تحقیقی اُمور کے نگران حافظ حمزہ مدنی ﷾ نے بہاولپور یونیورسٹی سے علوم اسلامیہ میں پی ایچ ڈی کی تکمیل کر لی ہے۔ ہم تمام اَساتذہ جامعہ لاہور الاسلامیہ اور اَراکین وانتظامیہ ماہنامہ 'رشد' کی جانب سے حافظ صاحب کو دلی مبارک باد پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں دین متین کی مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

## کویت اور متحدہ عرب امارات میں نماز تراویح کی امامت

استاد محترم حافظ حمزہ مدنی ﷾، رئیس الجامعہ حافظ عبد الرحمٰن مدنی ﷾ کے سب سے چھوٹے صاحبزادے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں جہاں دیگر بہت سی صلاحیتوں سے مالا مال کیا ہے وہاں انہیں مزامیرِ آل داؤد بھی عطا فرمائے ہیں۔ تلاوت کرتے ہیں تو سماں بندھ جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ توفیق عطا فرمائی ہے کہ وہ عرصہ گیارہ سال سے کویت میں نمازِ تراویح کے مستقل امام ہیں اور کویت کے نامور قراء میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گذشتہ سال کی طرح اس سال بھی خصوصی طور پر انہیں دبئی میں بھی صلوة التراويح کے سلسلہ میں مدعو کیا گیا۔ جہاں آپ نے اپنی مصروفیات کی بناء پر جانے سے معذرت کر لی اور اپنی جگہ اپنے ہونہار شاگرد محترم قاری اظہر نذیر صاحب کو مقرر کر دیا ہے جو وہاں نماز تراویح کی امامت کے فرائض نیابةً ادا کر رہے ہیں۔ البتہ محترم قاری صاحب حسب سابق کویت کی مسجد سعد بن ابی وقاص میں قیام اللیل کی امامت فرمائیں گے۔ یاد رہے کہ موصوف قراءات سبعہ وعشرہ میں نماز تراویح پڑھاتے ہیں۔ آپ کی آواز میں قراءات عشرہ پر مشتمل مکمل قرآن کریم کا البم کویت سے نشر ہوا ہے، جس کا نام المصحف المرتل بالقراء ات العشر الصغرى ہے۔ جو کہ آڈیو کیسٹس اور سی ڈیز میں دستیاب ہے۔ استادِ محترم قرآن کریم کی بیس روایات کو مکمل طور پر علیحدہ علیحدہ ریکارڈ کروا کر نشر کرنے کا مبارک پروگرام بھی رکھتے ہیں اور



محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com


اس سلسلہ میں پانچ مختلف روایات میں مکمل قرآن ریکارڈ کروا چکے ہیں۔قرآن کریم کی خدمت کے اس عظیم الشان پروگرام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے سلسلہ میں ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ استادمحترم کو اپنے حفظ واَمان میں رکھے اور قرآن کریم کے جمع صوتی کے اس پروگرام کو کامیابی سے ہمکنار فرمائے۔آمین

## مشروع 'جمع کتابی'

اللہ تعالیٰ نے اُمت محمدیہ کو قرآن کریم کی حفاظت کے مختلف ذرائع سمجھا رکھے ہیں۔قرآن کریم کی جمع میں کئی ارتقائی صورتیں پائی جاتی ہیں۔جن میں جمع رسمی اور جمع صوتی معروف ترین صورتیں ہیں۔جمع رسمی کے سلسلہ میں تو جمع نبوی ﷺ، جمع ابی بکر رضی اللہ عنہ، جمع عثمانی رضی اللہ عنہ سے امت واقف ہے، جبکہ جمع صوتی کسی حد تک معروف تو ہے، لیکن تا حال منصۂ شہود پر نہیں آسکی۔خدمت قرآن کے سلسلہ میں دیگر امور کی طرح جامعہ لاہور الاسلامیہ کا یہ کام بھی سامنے رہنا چاہیے کہ جہاں وہ قرآن کریم کی جمع صوتی کے پروگرام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانا چاہتی ہے، وہاں جامعہ نے جمع قرآن کی تیسری صورت 'جمع کتابی' کا ایک جامع پروگرام بھی متعارف کرایا ہے۔یہ عظیم اور مقدس منصوبہ مصر اور کویت کے عالمی اداروں 'لجنة مراجعة المصحف' اور 'حامل المسك الإسلامية' کے اشتراک وتعاون سے جامعہ لاہور الاسلامیہ کے شعبہ 'كلية القرآن الكريم والعلوم الاسلامية' کی زیرنگرانی روبہ عمل ہے، جس پر عملاً کام مجلس تحقیق الاسلامی کے ذیلی ادارے 'إدارة البحوث العلمية' میں قریباً ڈیڑھ درجن افراد پر مشتمل ایک کمیٹی کر رہی ہے۔مشروع 'جمع کتابی' ۱۰/قراءات اور ۲۰/روایات کو طبع کرنے کا ایک عالمی منصوبہ ہے، جس میں مجمع الملك فهد، سعودی عرب کی طرف سے 'روایت حفص' میں مطبوع مصحف میں کمپیوٹر پروگرامنگ کی مدد سے حرکات وسکنات اور اداء سے متعلقہ دیگر تبدیلیاں کر کے مختلف روایات میں مصاحف تیار کیے جائیں گے۔کمپیوٹر کے ذریعے اس مبارک کام کو عملی شکل دینے کے لیے حدیث وفقہ وغیرہ کے مختلف کمپیوٹر پروگرام بنانے والا مصر کا بین الاقوامی ادارہ 'شركة الحروف' اپنی خدمات پیش کر رہا ہے۔ڈھائی سال کی طویل مدت، دن رات کی محنت اور جہد مسلسل کے بعد الحمدللہ یہ پرواگرام آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔بعد ازاں 'ادارة البحوث العلمية' کی مذکورہ کمیٹی دوبارہ اس کی مراجعت کرے گی اور 'لجنة مراجعة المصاحف' کی مراجعہ نہائیہ کے بعد بہت جلد یہ منصوبہ پایۂ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔ان شاء اللہ


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com